This question paper contains 4 printed pages.]

Your Roll No. ....

5296

B.A. (PROGRAMME)/I A

(Language Course)

URDU LANGUAGE (C) — Paper I

(Admission of 2005 and onwards)

Time : 3 Hours **Maximum Marks : 75**

(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.)

1. درج ذیل اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے : 15

(الف)

ادب اس تحریر کو کہتے ہیں جس میں روزمرہ کے خیالات سے بہتر خیالات اور روزمرہ کی زبان سے بہتر زبان کا اظہار ہوتا ہے۔ ادب انسانی تجربات کا نچوڑ پیش کرتا ہے۔ انسان دنیا میں جو کچھ دیکھتا ہے، جو تجربات کا نچوڑ ہے، جو سوچتا سمجھتا ہے، اس

کے ردِعمل کا اظہار ادب کی شکل میں ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ادب زندگی کے وسیع ترین مسائل کا احاطہ کرتا ہے اور اس کے ذریعے پروان چڑھتا ہے۔

(ب)

لوگ ہمیشہ اس کھوج میں لگے رہتے ہیں کہ زندگی کو بڑے بڑے کاموں کے لیے کام میں لائیں، لیکن نہیں جانتے کہ یہاں ایک سب سے بڑا کام خود زندگی ہوئی، یعنی زندگی کو ہنسی خوشی کاٹ دینا۔ یہاں اس سے زیادہ سہل کام کوئی نہ ہوا کہ مر جائے اور اس سے زیادہ مشکل کام کوئی نہ ہوا کہ زندہ رہے۔ جس نے یہ مشکل حل کر لی اس نے زندگی کا سب سے بڑا کام انجام دے دیا.....

2. ذیل کے شعری اقتباسات میں سے **ایک** کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے: **15**

(الف)

سر میں سودا بھی نہیں دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترک محبت کا بھروسا بھی نہیں

ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ایسا بھی نہیں

آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطرِ بیمار شکیبا بھی نہیں

(ب)

کہا مجنوں سے لیلیٰ کی ماں نے کہ بیٹا تو اگر ایم۔اے۔کرے پاس
تو فوراً بیاہ دوں لیلیٰ کو تجھ سے بلا دقت میں بن جاؤں تری ساس
بڑی بی آپ کو کیا ہو گیا ہے ہرن پر لادی جاتی ہے کہیں گھاس
یہی ٹھہری جو شرطِ وصلِ لیلیٰ
تو استعفیٰ مرا باحسرت و یاس

3. ذیل میں سے کسی **ایک** پر مختصر نوٹ لکھیے : 15

(۱) غالب کے خطوط

(۲) نذیر احمد

(۳) نیا شوالہ

4. اپنے کالج کے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 15